آٹریو وینس (شریانی و وریدی) فسٹولا

آپ کے ڈاکٹر نے آپ سے اس بارے میں بات کی ہوگی کہ آپ کے لیے یا تو ابھی، یا مستقبل میں ہیموڈائیلیسس شروع کرنا ضروری ہے۔ ہیموڈائیلیسس کیلئے رگ تک مستقل رسائی (دوران خون تک رسائی) درکار ہوتی ہے۔ بیشتر مریضوں کے واسطے، ہیموڈائیلیسس کیلئے رگ تک رسائی کی بہترین قسم "AV (آٹریو- وینس) فسٹولا" ہے۔ فسٹولا بنانے کیلئے پیشگی منصوبہ بندی درکار ہوتی ہے کیونکہ سرجری کے بعد فسٹولا بنانے میں تھوڑا وقت (8-4 ہفتے) لگتا ہے۔ فی الوقت، حوالہ دیئے جانے سے لے کر فسٹولا بنانے اور استعمال کیلئے تیار ہونے میں 4 مہینے تک لگ سکتے ہیں، اسی وجہ سے آپ کو ڈائلیسس شروع کرنے کی ضرورت ہونے سے تھوڑا وقت قبل یہاں بھیجا گیا ہے۔ مناسب طریقے سے بنائے ہوئے فسٹولا سے خون کا چکتہ بننے یا اس میں انفیکشن ہونے کا کم امکان ہوتا ہے اور یہ رگوں میں رسائی کی کسی دیگر شکل کی بہ نسبت زیادہ عرصے تک برقرار رہے گا۔

یہ پرچہ یہ سمجھنے میں آپ کی مدد کیلئے ہے کہ فسٹولا کیا ہے، اسے کس طرح استعمال کیا جائے گا اور آپ کا فسٹولا بن جانے کے بعد اس کی دیکھ بھال کیسے کی جائے۔

فسٹولا کیا ہے؟

فسٹولا ایسا عمل ہے جس میں آپ کے بازو کے ایک شریان اور ایک ورید کے بیچ ربط بنایا جاتا ہے۔ اس کے نتیجے میں، آپ کے بازو کی رگیں قدرے بڑی اور قدرے مضبوط ہوجاتی ہیں (کیونکہ شریان کی وجہ سے ورید میں زیادہ خون دوڑتا ہے) جو ڈائلیسس یونٹ کے عملہ کیلئے فسٹولا کی سوئیاں داخل کرنا آسان بنا دیتا ہے، جس کے ذریعہ آپ کا ڈائلیسس ہوگا۔

آٹریو وینس فسٹولا



آپ کو ہنٹلے اینڈ پامر یونٹ واقع رائل برکشائر ہاسپٹل میں، خارجی مریض کے بطور ملاقات کا وقت (آؤٹ پیشینٹ اپائنٹمنٹ) دیا جائے گا۔ سرجن آپ کے بازوؤں کی تشخیص کرکے یہ فیصلہ کرے گا کہ کس کو استعمال کرنا بہترین ہے۔ عموما اگلے 3 تا 4 ہفتوں میں سرجری ہوگی۔ کچھ مریضوں کیلئے اس کو مؤخر کیا جاسکتا ہے، کیونکہ سرجن کو استعمال کیلئے بہترین رگوں کی نشاندہی کرنے کے واسطے آپ کے بازوؤں کی دموی شریانوں کا ایک الٹرا ساؤنڈ درکار ہوتا ہے۔ یہ کام رائل برکشائر ہاسپٹل کے ایکسرے ڈپارٹمنٹ میں کیا جائے گا۔

آپریشن کا کام چرچ ہل ہاسپٹل، آکسفورڈ میں یومیہ معاملے کے بطور، سن کرنے والی دوا دے کر، سرجن کے ذریعہ کیا جائے گا۔ سرجری کے بعد آپ کو تھوڑی سی تکلیف ہوسکتی ہے لیکن ڈاکٹرز ضروری ہونے پر درد کُش دوائیں تجویز کریں گے۔ کبھی کبھی آپ کو عمومی بے ہوشی اور کی ضرورت ہوسکتی ہے اور ضرورت ہونے پر سرجن آپ سے اس بارے میں گفتگو کرے گا۔

عموماً اس میں کوئی ٹانکے نہیں ہوتے ہیں جنہیں نکالنا پڑے گا۔

آکسفورڈ آپ کو بذریعہ خط یا ٹیلیفون سرجری کی تاریخ سے مطلع کرے گا۔

اگر آپ کو سواری درکار ہے تو براہ کرم مارٹا یا ٹریسی کو 01865 226109 پر کال کریں۔

اگر آپ ورفرین یا کلوپیڈوجریل لے رہے ہیں تو براہ کرم اپنے آؤٹ پیشنٹ اپائنٹمنٹ کے دوران سرجن کو بتائیں۔

پیچیدگیاں

تمام سرجری کی طرح، اس میں بھی پیچیدگیاں ہوسکتی ہیں البتہ ایسا اکثروبیشتر نہیں ہوتا ہے۔ ان میں شامل ہیں: جریان خون، جس کیلئے کبھی کبھی خون دینے کی ضرورت پڑسکتی ہے؛ انفیکشن؛ بے حسی آور دوا، مسکن دوا اور دیگر نشہ آور دواؤں کی پیچیدگیاں، اور آپریشن کی جگہ پر حد سے زیادہ سوجن اور جلن۔ ان میں سے بیشتر پیچیدگیاں زیادہ مداخلت کے بغیر حل ہوجائیں گی لیکن کچھ کیلئے مخصوص معالجہ درکار ہوتا ہے۔ کبھی کبھار، AVF کو معکوس کرنا ہوتا ہے کیونکہ بازو کے حصوں میں فراہمی کافی زیادہ بڑھ یا گھٹ جاتی ہے۔ آپ کو منظوری دینے سے پہلے سرجن یا انستھیٹسٹ سے کسی تشویشات پر گفتگو کرلینی چاہیے۔

فسٹولا کس طرح استعمال کیا جاتا ہے؟

آپ کی سرجری کے بعد، آپ کے فسٹولا کو "تیار" ہونے کیلئے عموما 4 تا 8 ہفتے درکار ہوں گے۔ ڈاکٹرز اور ہیموڈائیلیسس سے متعلق نرسیں آپ کے بازو کی تشخیص کرکے یہ فیصلہ کریں گے یہ کب استعمال کیلئے تیار ہے۔

ہر ڈائیلیسس سیشن میں، آپ کے فسٹولا میں دو سوئیاں داخل کی جائیں گی، ایک سوئی خون کو "صاف کرنے" کیلئے ڈائلیسر میں لیتی ہے اور پھر صاف کردہ خون دوسری سوئی کی معرفت آپ کو واپس پہنچائی جاتی ہے۔ آپ کے جسم سے باہر موجود خون کی مقدار در حقیقت کافی معمولی ہوتی ہے۔ ہر ڈائلیسس سیشن کے آخر میں سوئیوں کو نکال دیا جاتا ہے اور پلاسٹر سے اس جگہ کو ڈھک دیتے ہیں۔ انہیں اگلے دن ہٹایا جاسکتا ہے۔

میں اپنے فسٹولا کا کس طرح خیال رکھوں؟

فسٹولا بنا دیئے جانے کے بعد آپ عموما اس جگہ کے ارد گرد بھنبھناہٹ جیسی حسیت محسوس کرسکیں گے۔ اسے "سنسناہٹ" یا "بروئٹ" کے نام سے جانا جاتا ہے۔ آپ کو روزانہ دو بار، صبح اور شام میں، سنسناہٹ کی موجودگی کو چیک کرنے کی صلاح دی جاتی ہے۔ اگر کوئی بھنبھناہٹ محسوس نہیں ہوتی ہے یا یہ کافی کمزور محسوس ہوتی ہے تو آپ کو اپنے گردے والے شعبہ سے رابطہ کرتے رہنا چاہیے، اگر وہ بند ہوں تو کتابچے کے آخر میں درج نمبر پر وکٹوریا وارڈ سے رابطہ کرنا چاہیے۔

آپ کو فسٹولا لگا دیئے جانے پر درج ذیل سے آگاہ رہنا چاہیے:

- اپنے بازو کو ہمیشہ صاف رکھیں۔ اگر آپ کے فسٹولا کا کوئی بھی حصہ درد انگیز، سرخ یا متورم ہوجاتاہے تو، جتنی جلدی ممکن ہو اپنی رینل ٹیم (گردے سے متعلق ٹیم) سے رابطہ کریں۔ اگر وہ بند ہیں تو وکٹوریا وارڈ کو کال کریں (نمبر اس کتابچے کے آخر میں درج ہیں)
- آپ کو سرجری کے بعد 2- 4 دنوں تک گاڑی نہیں چلانی چاہیے۔
- کبھی بھی کسی کو اپنے فسٹولا والے بازو پر بلڈ پریشر کف نہ لگانے دیں۔
- اپنے فسٹولا والے بازو پر گھڑیاں نہ پہنیں یا سخت کف نہ باندھیں۔
- فسٹولا کا استعمال صرف ہیموڈائیلیسس کیلئے ہونا چاہیے۔ کبھی بھی کسی کو اپنے فسٹولا سے خون نہ لینے دیں یا اس میں ڈرپ نہ لگانے دیں۔
- اپنے فسٹولا والے بازو سے بھاری وزن (جیسے خریداری والے تھیلے) نہ اٹھائیں۔

- خیال رکھیں کہ آپ کا رسائی والا حصہ ٹکرائے نہیں، اس میں سوراخ نہ ہو یا وہ کٹ نہ جائے۔
- آپ کو ورزش کرنے کیلئے اور آپ کے فسٹولا کو بننے میں مدد کرنے کیلئے ایک چھوٹی سی بھینچنے والی گیند دی جا سکتی ہے۔
- آپ کو ڈائلیسس سے آگاہی کا ایک کارڈ اور امکانی طور پر ایک سرخ رسٹ بینڈ (کلائی پر باندھنے کا فیتہ) آپ کے فسٹولا والے بازو میں پہننے کو دیا جائے گا۔

اگر میرے کوئی سوالات ہیں تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کے کوئی سوالات یا تشویشات ہیں؛ یا اگر آپ کو ہسپتال تک سواری درکار ہے تو، براہ کرم اپنے متلعقہ جگہوں میں موجود نرسوں سے رابطہ کریں۔

بینیان ڈائلیسس یونٹ:	0118 322 8360
براکنیل ڈائلیسس یونٹ:	01344 662961
CAPD یونٹ:	0118 322 7322
ہنٹلے اینڈ پامر یونٹ:	0118 322 8519
کڈنی کیئر نرسیز:	0118 322 7899
ٹرانسپلانٹ نرسیز:	0118 322 5111 پیجر 40593
وکٹوریا وارڈ:	0118 3227476
ونڈسر ڈائلیسس یونٹ:	01753 866008

مزید معلومات

مزید معلومات درج ذیل ویب سائٹوں پر مل سکتی ہے:

www.britishkidney-pa.co.uk/patient-info

www.beaumont.ie/kidneycentre-forpatients-aguidetodialysis-accessfo

www.kidneypatientguide.org.uk

www.nhs.uk/conditions/Kidney-disease-chronic

REN_1248

رینل میڈیسن، ستمبر 2013

نظرثانی کی تاریخ: ستمبر 2015